Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, I Semester Examination - December - 2018

Paper : MAHS101CCT : Ancient India From Pre-History to the Mauryas

Time : 3 hrs | **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) Epigraphy کسے کہتے ہیں۔

(ii) سنگم ادب میں تملکم (Tamilakam) سے کیا مراد ہے۔

(iii) ہڑپہ تہذیب کو ’’دریائے سندھ وادی تہذیب‘‘ کس نے کہا۔

(iv) رگ ویدک دور میں لڑائی کے لیے کون سا لفظ استعمال کیا جاتا تھا۔

(v) مشہور تصنیف ’’ملند پنہو‘‘ (Milinda Panho) کا تعلق کس مذہب سے ہے۔

(vi) برصغیر ہندوستان میں جدید پتھر کے دور کے آثار سب سے پہلے کس علاقہ سے ملتے ہیں۔

(vii) بھدر باہو (Bhadrabahu) کا تعلق کس مذہب سے ہے۔

(viii) سکندر اعظم کے حملے کے وقت مگدھ کے حکمران کون تھے۔

(ix) کلنگ کی جنگ کب لڑی گئی۔

(x) مشہور تصنیف ’’انڈیکا‘‘ کے مصنف کون ہیں؟ اور وہ کہاں کے رہنے والے تھے۔

حصہ دوم

(2) سنگم ادب کی تاریخی اہمیت پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

(3) جدید پتھر کے دور کی نمایاں خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

(4) ہندوستان میں آریاؤں کی آمد کے موضوع پر بحث کریں۔

(5) بعد کے ویدک دور کے سماجی اور مذہبی حالات کا مختصر جائزہ لیجیے۔

(6) بدھ مذہب کی اہم تعلیمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(7) اجیوکا (Ajivika) مذہب پر ایک نوٹ تحریر کریں۔

(8) موریہ دور کے اہم ماخذ پر روشنی ڈالیے۔

(9) اشوک کے دھما (Ashoka's Dhamma) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ مختصراً بیان کریں۔

حصہ سوم

(10) قدیم ہندوستان کی تاریخ کے اہم مذہبی ماخذ کا جائزہ لیجیے۔

(11) ہڑپہ تہذیب کی نمایاں خصوصیات کی وضاحت کریں۔

(12) رگ ویدک دور کے سیاسی، سماجی اور مذہبی حالات کا تجزیہ کریں۔

(13) جین مذہب کے آغاز اور ترقی پر ایک وضاحتی نوٹ تحریر کریں۔

(14) موریہ دور کے مرکزی نظم ونسق کو وضاحت سے بیان کریں۔

☆☆☆